ڈاکٹر امتیاز احمد عباسی

نعت رسولِ مقبول ﷺ

ہے محبت ، محبت ، محمد محمد
اور رحمت ہی رحمت محمد محمد

وہ سبب جس سے خلقت نے پایا وجود
وہ غایت ہے غایت محمد محمد

سعدیہ تیرے ناقہ کو کیا ہو گیا
یہ برکت ہے برکت محمد محمد

جبرئیلِ امیں راہ میں رہ گئے
کیسی رفعت ہے رفعت محمد محمد

پاک کر دے تعصب سے انسان کو
وہ حکمت ہے حکمت محمد محمد

سامنے جس کے باطل ہوا سرنگوں
وہ قوت ہے قوت محمد محمد

ان کے دربار میں عیب آ نہ سکا
صرف مدحت ہے مدحت محمد محمد

گونجتا ہے جو ہر دم اذاں میں جہاں میں
کیسی شہرت ہے شہرت محمد محمد

جو اکیلا کھڑا سب کو للکار دے
یہ جرأت ہے جرأت محمد محمد

ایک ہی صاحب قاب قوسین ہوا ہے
کیسی ندرت ہے ندرت محمد محمد

نسبتیں ساری محشر میں عنقا ہوئیں
میری نسبت ہے نسبت محمد محمد

☆☆☆